© rasailojaraid.com



رواں، شستہ اور خوب صورت اُردو ترجمہ ہے۔ کتاب فلسطین کی تاریخ کا ہر ہر پہلو سے جامع احاطہ پیش کرتی ہے۔ فلسطین، فلسطینی عوام، مقاماتِ مقدسہ، یہودیت، صہیونیت اس کے ظہور، صہیونیت بارے اسلامی موقف، اسرائیل، عرب اسرائیل جنگیں، آزادیِ فلسطین کی تحریکیں، امن منصوبے، اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں کا کردار جیسے موضوعات اپنے دامن میں سموئے ہوئے ہے۔

ڈاکٹر محسن محمد صالح خود فلسطینی ہیں اور فلسطین کے بارے میں حقائق، ان کے مشاہدے اور تحقیق پر مبنی ہیں۔ یہ کتاب دانش وروں، طلبہ، صحافیوں اور اہلِ علم کے لیے نادر تحفہ ہے۔ فلسطین کے بارے میں اتنا یک جا مواد کم ہی دیکھنے میں آیا ہے۔ (عمران ظہور غازی)

## تعارف کتب

**◎ نقوشِ سیرتؐ،** عتیق الرحمٰن صدیقی۔ ناشر: دارالتذکیر، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۲۳۱۱۱۹۔ صفحات: ۲۲۳۔ قیمت (مجلد): ۲۴۰ روپے۔ [نبی کریمؐ کی سیرتِ مبارکہ کے مختلف نقوش کا تذکرہ، عملی زندگی کے اندر ہمارے رویوں پر تنقید کے ساتھ عصرِحاضر کے لیے عملی رہنمائی۔ سیرت کی معروف کتب کی خوشہ چینی اور جدید وقدیم تفاسیر سے استفادہ بھی کیا گیا ہے۔ بجا توجہ دلائی گئی ہے کہ دنیا کو درپیش مسائل نئے نہیں، جب بھی زمامِ کار ائمہ ضلالت کے ہاتھ آئی تو انسانیت کو انھی مسائل کا سامنا کرنا پڑا____ نجات کی راہ نبی کریمؐ کا طریق ہے۔]

**◎ صلّوا علیہ وآلہ،** (فضائل درود وسلام)، محمد وقاص۔ ناشر: محنت پبلی کیشنز، پوسٹ بکس نمبر ۳۲، جی ٹی روڈ، واہ کینٹ۔ فون: ۴۵۳۵۳۳۴-۰۵۱۔ صفحات: ۵۱۔ قیمت: درج نہیں۔ [حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اظہارِ محبت کا بہترین ذریعہ درود شریف کا استحضار ہے۔ درود کے فضائل پر بہت سی کتب دستیاب ہیں۔ درود کا مقصد ضرورت، حکمت وفضیلت اور احادیث میں درود کے وارد شدہ الفاظ کے موضوع پر اس کتابچے میں درود شریف کی علمی حیثیت بیان کی گئی ہے جو اس کی انفرادیت بھی ہے اور ایک اہم علمی ضرورت بھی۔ آخری فصل میں نبی کریمؐ کے ادب ومقام پر بحث کی گئی ہے۔]

**◎ حیاتِ طیبہ کا ایک دن،** پروفیسر عبدالحمید ڈار۔ ناشر: نشریات، لاہور۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۷۳۲۰۳۱۸-۰۴۲۔ صفحات: ۶۷۔ قیمت: درج نہیں۔ [حضورؐ کی کتابِ زیست کا ایک ورق جس میں سیرت نبویؐ کی ایسی تمام تعلیمات کو یک جا کردیا گیا ہے جو ہماری ۲۴ گھنٹے کی روزمرہ زندگی میں سنت کا ایک مکمل اور بھرپور نمونہ پیش کرتی ہیں۔ سیرت رسولؐ پر ایک مختصر جامع کتاب، تعمیر سیرت اور تزکیۂ نفس کے لیے نمونۂ عمل۔]

© rasailojaraid.com